دنیا میں رہنا ہے آخرت میں جینا ہے

**Lesson No-5** میں اپنے پیچھے کیا چھوڑ رہی ہوں

عمل کے اصول

میں جو بھی عمل کرتی ہوں۔ وہ میرے لیے صدقہ جاریہ بننا چاہیے۔ حدیث ہے کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن پڑھے اور پڑھائے۔ اور میں سوچوں کہ میں کوئی ایسا عمل کرنے کی کوشش کروں کہ اگر دوسرے اس پر عمل کریں تو مجھے بھی ان کے عمل میں حصہ دار ہونا ہے۔ اس لیے میں نیک عمل کروں لوگوں کے لیے ہدایت کا باعث بنوں۔ اللہ کی راہ میں مال خرچ کروں اپنے بچوں کی بہترین تربیت کروں اور ایسے عمل کر جاؤں کہ وہ میرے لیے legacy بن جائیں۔

**Lesson No-6** ذوالحج کے ابتدائی دس دنوں کی تیاری

عمل کے اصول

اللہ تعالیٰ نے ان دس دنوں کو دنیا کے بہترین دن قرار دیا ہے اور میں ان دنوں کا کوئی لمحہ بھی ضائع نہ کروں

**Lesson No-7** ظلم اور زیادتی نہ کرنا:

عمل کے اصول-

میں کوشش کروں کہ کسی پر بھی زیادتی نہ کروں اور ظلم کو برداشت کرنا بھی ظالم کی مدد کرنا ہے۔

**Lesson No-8** عشرہ ذوالحج کو کیسے گزاریں-

عمل کے اصول

ان دس دنوں کو بہترین عمل کر کے گزاریں۔ روزہ، ذکر اذکار۔ صدقہ خیرات کر کے اپنے اعمال نامے کو نیکیوں سے بھر لیں

**Lesson No-9** مشکلات اور آزمائشوں پر صبر کرنا

عمل کے اصول-

جیسے بھی حالات ہوں صبر اور نماز سے اللہ سے مدد مانگیں اور ہمیشہ یاد رکھیں کہ صحابہ کرام پر سخت حالات آئے اور انہوں نے ہمیشہ صبر سے کام لیا۔



دنیا میں رہنا ہے آخرت میں جینا ہے

**Lesson No-5** میں اپنے پیچھے کیا چھوڑ رہی ہوں

عمل کے اصول

میں جو بھی عمل کرتی ہوں ۔ وہ میرے لیے صدقہ جاریہ بننا چاہیے ۔ حدیث ہے کہ تم میں سے بہترین وہ ہے وہ قرآن پڑھے اور پڑھائے ۔ اور میں سوچوں کہ میں کوئی ایسا عمل کروں کوشش کروں کہ اگر دوسرے اس پر عمل کریں تو مجھے بھی ان کے عمل میں حصہ دار ہوتا ہے ۔ اس لیے میں نیک عمل کروں لوگوں کے لیے حسن کا باعث بنوں ۔ اللہ کی راہ میں مال خرچ کروں اپنے بچوں کی بہترین تربیت کروں اور ایسے عمل کرواؤں کہ وہ میرے لیے legacy بن جائیں ۔

**Lesson No-6** ذوالحج کے ابتدائی دس دنوں کی تیاری

عمل کے اصول

اللہ تعالیٰ نے ان دس دنوں کو دنیا کے بہترین دن قرار دیا ہے اور میں ان دنوں کا کوئی لمحہ بھی ضائع نہ کروں

**Lesson No-7** ظلم اور زیادتی نہ کرنا ۔

عمل کے اصول ۔

میں کوشش کروں کہ کسی پر بھی زیادتی نہ کروں اور ظلم کو برداشت کرتا بھی ظالم کی مدد کرتا ہے ۔

**Lesson No-8** عشرہ ذوالحج کو کیسے گزاریں ۔

عمل کے اصول

ان دس بابرکت دنوں کو بہترین عمل کر کے گزاریں ۔ روزہ ذکر اذکار ۔ صدقہ صلوات کر کے اپنے اعمال نامے کو نیکیوں سے بھر لیں

**Lesson No-9** مشکلات اور آزمائشوں پر صبر کرنا

عمل کے اصول ۔

جیسے بھی حالات ہوں صبر اور نماز سے اللہ سے مدد مانگیں اور ہمیشہ یاد رکھیں کہ مومنوں صحابہ کرام پر سخت حالات آئے اور انھوں نے ہمیشہ صبر سے کام لیا ۔

Lesson No-10 کیا میرا ایمان مجھے عمل پر آمادہ کرتا ہے

عمل کے اصول۔

اپنے اعمال کا جائزہ لیتا ہے۔ کہ میرا ایمان کیا کہتا ہے کیا میں حالات کے مطابق تو نہیں چلتا۔ اپنے ایمان کو اپنے عمل سے مضبوط کرتا ہے اور اللہ کی زمین کو مظلوموں سے ملاتا ہے۔

Lesson No-11 خود نیکی کرنا اور دوسروں کو نیکی کی تلقین کرنا

عمل کے اصول:

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا امت وسط ہونے کی وجہ سے ہماری ذمہ داری ہے۔ خود بھی نیکی کرنی ہے اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دینی ہے۔

Lesson No-12 اپنے تعلقات کو کیسے مضبوط بنایا جائے

عمل کے اصول۔

رشتہ چاہے میاں بیوی کا ہو ماں باپ کا بہن بھائیوں کا اولاد کو۔ اپنے عمل سے اس کو مضبوط بنایا جائے۔ اور میں کیسے بھی حالات ہوں حضرت خدیجہ کی طرح ان کی مثال سامنے رکھتے ہوئے اپنے شوہر کی مدد کروں۔

Lesson No-13 گزرتی ہوئی زندگی کا محاسبہ کرنا۔

عمل کے اصول

ہر دن کی مثال سامنے رکھوں کہ زندگی ہر پل ختم ہو رہی ہے اور میں ہر لمحہ اللہ سے قریب ہو رہی ہوں کیا میرے اعمال ایسے ہیں کہ میں جنت میں جاؤں ہر وقت اپنا محاسبہ کروں اور آخرت کی تیاری کروں۔

Lesson No-14 حق اور صداقت کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنا

عمل کے اصول

کیا میرا ایمان اس قابل ہے کہ وہ باطل کے سامنے ڈٹ جائے کیا میں اسلام کو Defend کر سکتی ہوں اپنے عمل کا جائزہ لوں کہ کیا میں اسلام کے لیے عزت کا باعث ہوں۔ یا کمزوری کا۔

Lesson No-15 یوم عاشورہ کے روزے کی تاکید

عمل کے اصول

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے ہوئے محرم کے روزوں کا اہتمام کروں ۔ کیونکہ آپ نے فرمایا کہ مجھے اللہ سے امید ہے کہ یوم عاشورہ کا روزہ گزشتہ سال کے گناہوں کا کفارہ بن جائے گا۔

Lesson No-16 اخلاص کے ساتھ اللہ کی راہ میں کوشش کرنا

عمل کے اصول

اپنی نیت کو اللہ کیلئے خالص کروں ۔ اور ہر کام میں اپنی نیت کو خالص کرتے ہوئے عمل کروں ۔ اللہ کی رضا کو مد نظر رکھوں

Lesson No-17 ۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک

عمل کے اصول ۔ والدین کی زندگی میں ان سے حسن سلوک اور ان کی وفات کے بعد ان کے رشتے داروں اور دوست احباب سے حسن سلوک کرنا ۔ ان کیلئے صدقہ جاریہ بننا ۔ ان کی ضروریات کا خیال رکھنا ۔ اور ان سے نیک سلوک کرکے جنت حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔

Lesson No- 18 دوسروں کو معاف کرنا

عمل کے اصول ۔

اپنے دل کو وسیع کرنا اور روز اس کی صفائی کرنا ۔ اور رات کو سونے سے پہلے اپنا محاسبہ کرنا ۔ دل میں کسی کے خلاف برائی نہ لے کر آنا ۔ دوسروں کو معاف کرنا تاکہ اللہ بھی ہمیں معاف کردے ۔ اللہ کی رضا اور خوشنودی کیلئے دوسروں کیلئے دل کو وسیع کرنا اور دعا کرنا ۔

Lesson No-19 ۔ زبان اور آنکھوں کی حفاظت

آنکھوں کی حفاظت نامحرم سے تاکہ ہمیں عبادت کی لذت حاصل ہو ۔ زبان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بہت لوگوں کو جہنم میں گرائیں گے میں اپنی زبان کی حفاظت کروں کسی کا دل نہ دکھاؤں ۔ اگر کسی کی اصلاح منظور ہے تو حکمت کے ساتھ اسے اکیلے میں سمجھاؤں ۔